
# آؤ، تفریق سیکھیں








۳ - ۲ = ۱

شاہد کے پاس ۳ جامن تھے۔ ۲ جامن اس نے رضیہ کو دیے۔ اب شاہد کے پاس کتنے جامن باقی رہے؟


اب یہ تصویر دیکھو۔



ندی کے کنارے پانچ مینڈک بیٹھے تھے۔ ایک مینڈک نے پانی میں چھلانگ لگا دی۔ اب ندی کے کنارے کتنے مینڈک باقی بچے؟ انھیں گنو۔

| |
|---|
| ۵ |
| − ۱ |
| |

۵ - ۱ = ☐





یہ تمھارے دوست/سہیلی کی بنائی ہوئی تصویریں ہیں۔ان کی کہانی تم بتاؤ۔تم بھی ایسی ہی تصویریں بنا کر کیا اپنے دوست/سہیلی کو کہانی بنانے کے لیے کہہ سکتے ہو؟




ایک عدد سے دوسرا عدد کم کرنے کے لیے، یعنی تفریق کرنے کے لیے ' – ' علامت استعمال کرتے ہیں۔اسے 'تفریق' پڑھتے ہیں۔




تصویریں دیکھو اور چوکوں میں عدد لکھو۔



۳ – ۱ = ☐



۴ – ۲ = ☐



۵ – ۲ = ☐



☐ – ☐ = ☐

7QFT7N

# کہانی وڑے کی

اَمّی نے ڈبّے میں ٦ وڑے رکھے۔ اَمّی ترکاری لانے بازار گئی۔ رضیہ اسکول سے گھر آئی۔ اس نے ڈبّا کھول کر دیکھا۔ ڈبّے میں اسے ٦ وڑے دِکھائی دیے۔ رضیہ کے منہ میں پانی بھر آیا۔ اس نے اس میں سے ٢ وڑے کھالیے۔ گھر آ کر اَمّی نے ڈبا کھولا تو اس میں چار ہی وڑے تھے۔

اَمّی : رضیہ، کیا تم نے ٢ وڑے کھائے ؟

رضیہ : اَمّی، میں نے تو ا ہی وڑا کھایا۔

اَمّی : رضیہ، کیا تم سچ بول رہی ہو؟

رضیہ : اَمّی ، مجھے وڑا بہت پسند آیا اس لیے میں نے ایک اور کھالیا۔

اَمّی : شاباش! رضیہ تم نے سچ کہا۔ لو ایک وڑا اور لو اور یہ ایک وڑا اپنے ابّو کو دے دو۔ ایک وڑا دادی کو دو اور یہ ایک وڑا میں کھاتی ہوں۔

کہانی پسند آئی ؟ اب بتاؤ تو بھلا !

١۔ اَمّی نے ڈبّے میں کتنے وڑے رکھے تھے؟ [ ]

٢۔ رضیہ نے کتنے وڑے کھائے ؟ [ ]

٣۔ اَمّی نے رضیہ کو سچ بولنے کے انعام میں کتنے وڑے دیے؟ [ ]

٤۔ رضیہ نے دادی اور ابّو کو ملا کر کتنے وڑے دیے؟ [ ]

٥۔ اَمّی نے کتنے وڑے کھائے ؟ [ ]

٦۔ آخر میں ڈبّے میں کتنے وڑے باقی بچے؟ [ ]

خالی چوکون میں مناسب عدد لکھو۔

٦ - [ ] = ١

٧ - ٣ = [ ]

٩ - [ ] = ٩

[ ] - [ ] = ٨

٥ - ٣ = [ ]

٢ - ١ = [ ]

```
  ٨        ٩
- ٢      - ٥
----     ----
[ ]      [ ]
```



پڑھو اور حل کرو۔

- نغمہ کے پاس ۵ بیر تھے۔ اس نے ۳ بیر سلمہ کو دیے۔ اب نغمہ کے پاس کتنے بیر باقی بچے؟

نغمہ کے پاس بیر ۵
سلمہ کو دیے گئے بیر − ۳
نغمہ کے پاس باقی بچے بیر ☐

- ٹوکری میں ۹ آم تھے۔ بھائی نے اس میں سے ٦ آم دوستوں کو کھانے کے لیے بانٹ دیے۔ اب ٹوکری میں کتنے آم باقی بچے؟

ٹوکری میں آم ۹
بانٹے گئے آم − ☐
باقی بچے آم


- سیمرہ کے پاس ۳ پنسلیں تھیں۔ سیمرہ نے ۱ پنسل سہیلی کو دی تو سیمرہ کے پاس کتنی پنسلیں باقی بچیں؟

سیمرہ کے پاس پنسلیں ☐
سہیلی کو دی گئی پنسل ☐
باقی بچی پنسلیں ☐

- ڈبّے میں ۴ لڈّو تھے۔ اس میں سے ۱ لڈّو گُرمیت نے کھایا تو اب ڈبّے میں کتنے لڈّو باقی بچے؟

ڈبّے میں موجود لڈّو ☐
گُرمیت نے کھائے لڈّو ☐
ڈبّے میں باقی بچے لڈّو ☐

اپنے ساتھیوں کی تختی پر تفریق کرو۔




7QPP9B